رول نمبر:......................

جماعت نہم

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے: 10

**(حصہ نظم)**

(i) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم — کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

(ii) یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا — مکاں میں بھی تُو ، لامکاں میں بھی تُو ہے

(iii) سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی — یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو — نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

**(حصہ غزل)**

(v) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے

(vi) مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا — وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

(vii) جان تم پر نثار کرتا ہوں — میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

## ( حصہ دوئم )

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 10

(i) اگرچہ مرزا کی آمدنی قلیل تھی، مگر حوصلہ فراخ تھا۔ سائل ان کے دروازے سے خالی ہاتھ بہت کم جاتا تھا۔ ان کے مکان کے آگے اندھے، لنگڑے، لُولے اور اپاہج مرد عورت پڑے رہتے تھے۔

(ii) سلیم اور علی بخش دونوں کی آنکھیں نم تھیں اور دونوں کی آنکھوں میں ایک دیہاتی کے لیے محبت کی چمک تھی۔ ایاز اپنے اصلی لباس میں بھی ایسا معیوب نظر نہیں آتا تھا!

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے: 10

(i) خواجہ آتش اپنے اس شاگرد سے کیا کہا کرتے تھے جو اکثر بیروزگاری کی شکایت سے سفر کا ارادہ کیا کرتے تھے؟

(ii) سر سیّد احمد خان کی نظر میں قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟

(iii) "نعت" کے شاعر کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟

(iv) "قدرِ ایاز" میں ماسٹر جی کو سر کے نیچے تکیہ فٹ کرنے میں دِقت کیوں پیش آئی؟

(v) "حمد" کے حوالے سے محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

(vi) "آرام و سکون" میں میاں نے بیگم سے ہمسایوں کو کیا لکھ کر بھیجنے کو کہا؟

(vii) بلبل کو باغباں اور صیاد سے کیا گلہ ہے؟

(viii) امتحان کی تیاری کے لیے مضمون نگار نے اپنے والدین سے کیا تقاضا کیا؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) کاہلی (ii) امتحان 05

6۔ نظم "حمد" کا مرکزی خیال یا خلاصہ اور شاعر کا نام لکھیے۔ 05

7۔ اپنی بہن کے نام خط لکھیے جس میں کسی تاریخی عمارت کی سیر کا حال لکھیے۔ ۔ یا ۔

ہیلتھ آفیسر کے نام صفائی کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے درخواست لکھیے۔ 10

8۔ "لالچ کی سزا" کے عنوان پر ایک کہانی لکھیے۔ ۔ یا ۔ دو ہم جماعت کے درمیان ایک مکالمہ تحریر کیجیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 05

(i) دل نے چاہا تو کراچی جاؤں گا۔ (ii) ہم نے حج کرنا ہے۔ (iii) اس نے کتاب کو خریدا۔

(iv) عورتوں نے کہا ہم آ گئی ہیں۔ (v) ہمت کو نہ ہارو۔

۔ یا ۔

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) آپ آئے ____ آئے۔ (ii) بلّی کے ____ چھینکا ٹوٹا۔ (iii) زبانِ خلق کو ____ سمجھو۔

(iv) کاٹھ کی ____ بار بار نہیں چڑھتی۔ (v) اپنے منہ ____ بننا۔